NEW YORK STATE OF OPPORTUNITY. | Office of Temporary and Disability Assistance

انتظامی سماعتوں کا دفتر
بذریعہ ٹیلیفون سماعت کا نوٹس

آپ کو بذریعہ ٹیلیفون سماعت کے لئے شیڈول کیا گیا ہے۔ آپ کو منصفانہ سماعت کے دفتر (Fair Hearing Office) میں رپورٹ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

منصفانہ سماعت کے نوٹس میں بذریعہ ٹیلیفون سماعت کی تاریخ اور وقت درج ہے۔

ہر 90 منٹ میں متعدد سماعتوں کا وقت مقرر کیا گیا ہے۔ سماعتیں 90 منٹ کے مقررہ وقت کے دوران کسی بھی وقت شروع ہو سکتی ہیں۔ جس نوٹس کے ذریعے وقت مقرر کیا گیا ہے اس میں درج وقت شروع ہونے پر آپ اور آپ کے نمائندہ (نمائندگان) کو دستیاب رہنا ہے اور افسر برائے سماعت کی کال سننا ہے۔ سماعتیں مقرر شدہ 90 منٹ کی مدت سے پہلے اور بعد میں بھی شروع ہو سکتی ہیں۔ اگر اس دوران آپ کو افسر برائے سماعت کی جانب سے کال موصول نہ ہو تو براہ مہربانی 90 منٹ کی مدت سے زیادہ وقت کے لیے دستیاب رہیں۔

کالر ID پر افسر برائے سماعت کی کال ان نمبروں سے آتی دکھائی دے گی 518-549-0500، 518-391-4565، 212-459-7801 یا پھر Blocked، Unavailable، Restricted وغیرہ میں سے کچھ لکھا دکھائی دے گا۔

افسران برائے سماعت دو بار فراہم کردہ ٹیلیفون نمبر پر کال کریں گے اور کالز کے درمیان کم از کم دس منٹ ہوں گے۔ آپ کی سماعت کے مقررہ وقت کے بعد افسر برائے سماعت کی دو فون کالز کا جواب دینے میں ناکامی، منصفانہ سماعت کی درخواست کو ترک کرنے کا سبب بن سکتی ہے۔ OAH فراہم کردہ ٹیلیفون نمبر منقطع ہونے پر منصفانہ سماعت کی درخواست کو ترک کرنے پر غور کر سکتا ہے۔ اگر درخواست کو ترک شدہ تصور کیا جاتا ہے تو آپ ذیل میں رابطہ کی معلومات کا استعمال کرتے ہوئے OAH سے منصفانہ سماعت کو دوبارہ کھولنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

براہ کرم نیچے دی گئی رابطہ کی معلومات کا استعمال کرتے ہوئے اپنی طے شدہ سماعت کی تاریخ سے پہلے اپ ڈیٹ کردہ ٹیلیفون نمبر (نمبرز) جمع کرائیں۔ اگر آپ کو ٹیلی فون یا فعال یا قابل استعمال ٹیلیفون نمبر تک رسائی نہیں ہے تو OAH آپ کی شرکت کے لیے متبادل ذرائع کو مربوط کرے گا۔

سماعت کے دوران آپ کو فون پر ایجنسی کی پریزینٹیشن سنائی جائے گی اور آپ ایجنسی کے نمائندے اور کوئی گواہان ہوں تو ان سے سوالات پوچھ سکتے ہیں۔ آپ اس معاملے میں اپنے نقطہ نظر کی وضاحت کر سکتے ہیں۔

آپ کو سماعت سے کم از کم دو کاروباری دن قبل دستاویزی ثبوت کی نقول OAH کو بھجوانا ہوں گی۔ OAH ثبوت بذریعہ US Mail، فیکس، یا بذریعہ سکیور ڈاکومنٹ اپ لوڈ پورٹل قبول کرتا ہے۔ اگر آپ US Mail استعمال کریں، تو براہ مہربانی ترسیل کے لیے درکار مدت کا خیال رکھیں تاکہ ثبوتوں کا ہم تک بر وقت پہنچنا یقینی بنے۔

محفوظ اپ لوڈ: UpLoad.NY.gov؛ اپنی MyBenefits والی لاگ اِن ID استعمال کریں
فیکس: 518-473-6735
بذریعہ ڈاک: Office of Administrative Hearings
New York State Office of Temporary and Disability Assistance
40 N. Pearl St, Fl 15, Albany NY 12243

کوئی سوالات ہوں یا اپڈیٹ شدہ رابطہ کی معلومات کی صورت میں براہ مہربانی آفس کے اس نمبر 800-342-3334 پر مفت کال کریں۔

بذریعہ ٹیلیفون سماعت کا نوٹس
لیٹر D (OAH-457 کا منسلکہ) -UR